# مقدمة ما لا يسع المسلم جهله

مقدمہ: فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر

صالح بن فوزان الفوزان حفظہ اللہ

مفتئ عام مملکت سعودی عرب

الحمدللہ، اما بعد: میں نے فضیلۃ الشیخ خالد بن حمد الخریف کی کتاب (ما لا یسع المسلم جهله) کا مطالعہ کیا، تو اسے ایک ایسی مفید کتاب پایا جو دینِ اسلام کے ان تمام ضروری امور پر مشتمل ہے جن کا جاننا واجب ہے، اور جسے کتاب وسنت کے دلائل کے ساتھ واضح اسلوب میں تحریر کیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ اپنے موضوع میں ایک مفید کتاب ہے، اللہ تعالیٰ اس کے مؤلف شیخ خالد کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کے علم سے فائدہ پہنچائے۔

تحریر کردہ:

صالح بن فوزان الفوزان حفظہ اللہ

مفتئ عام مملکت سعودی عرب

۲۰ رمضان 1438ھ

مقدمہ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں، اسی سے مدد چاہتے ہیں، اسی سے بخشش طلب کرتے ہیں، اور اپنے نفس کی برائیوں اور اپنے

اعمال کی برائیوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ جسے اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا، اور وہ جسے گمراہ کردے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔

اما بعد: ہر مسلمان پر اپنے دین کی ان باتوں کا علم حاصل کرنا ضروری ہے جن سے لا علم ہونا اس کے کے لئے قطعاً درست نہیں ہے، خواہ ان کا تعلق عقیدے سے ہو، یا عبادات سے، یا معاملات سے، اس کے لیے اللہ تعالی کے دین سے منہ موڑنا جائز نہیں کہ نہ اسے سیکھے اور نہ اس پر عمل کرے۔

چنانچہ مسلمان کے لیے دین کی وہ تعلیمات سیکھنا ضروری ہے جن سے اس کا دین قائم رہے، تاکہ وہ اللہ تعالی کی عبادت علم وبصیرت کی روشنی میں کرے، اور نصاریٰ کی مشابہت اختیار نہ کرے جو بغیر علم کے عمل کرتے ہیں اور نہ ہی یہودیوں کی مشابہت اختیار کرے جو علم رکھنے کے باوجود عمل نہیں کرتے۔ ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ان کے راستے سے بچائے۔ اس حقیقت کو دیکھتے ہوئے کہ بجز چند افراد کے جن پر اللہ تعالی کی رحمت ہوئی؛ لوگوں کی اکثریت دین کے اصول سے ناواقف ہے اور

ان پر جہالت غالب ہے، میں نے طے کیا کہ اللہ تعالی کی توفیق سے عقیدہ وعبادت کے ان ناگزیر امور پر کچھ لکھوں جن کی ہر مسلمان مرد وعورت کو ضرورت ہے۔

یہ کتاب تین فصلوں پر مشتمل ہے:

پہلی فصل: عقائد کا بیان۔ دوسری فصل: عبادات کا بیان۔ تیسری فصل: معاملات کا بیان

اللہ عزیز وبرتر سے دعا گو ہوں کہ اس کتاب کو ہر طالبِ حق کے لیے نفع بخش بنائے اور اس عمل کو صرف اپنی ہی رضا کے لیے خالص کرے، وہ یقینا بڑی سخاوت اور کرم والا ہے۔

بکثرت درود وسلام نازل ہو ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کی آل اور تمام صحابہ کرام پر۔

بقلم : ڈاکٹر خالد بن حمد الخریف

# فہرست

No table of contents entries found

ur493v1.0 - 06/09/2026